وقت ڈھائی گھنٹے　　　**حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)**　　　کل نشانات: ۴۰

ہدایت: اس حصے سے تمام سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

۲۔ درج ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے اور مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے:

(i) کھل نہیں سکتی ہیں اب آنکھیں مری　　　جی میں یہ کس کا تصور آگیا

(ii) دل سے رخصت ہوئی کوئی خواہش　　　گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا

(iii) تم مرے پاس ہوتے ہو گویا　　　جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(iv) دنیا کے ستم یاد، نہ اپنی ہی وفا یاد　　　اب مجھ کو نہیں کچھ بھی محبت کے سوا یاد

(v) کیوں گردش مدام سے گھبرا نہ جائے دل　　　انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں

۳۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔

۳۔ (ب) منتخب کردہ اقتباس کے سبق کا نام اور مصنف کا نام تحریر کیجیے۔

۳۔ (ج) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔

(i) خدا کی محبت کا اہل اور اس کے پیار کا مستحق بننے کے لیے ہر مذہب نے ایک ہی تدبیر بتائی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس مذہب کے شارع اور طریقے کے بانی نے جو عمدہ نصیحتیں کی ہیں، ان پر عمل کیا جائے۔ لیکن اسلام نے اس سے بہتر تدبیر اختیار کی ہے۔ اس نے اپنے پیغمبر (خاتم النبیین) صلی اللہ علیہ وسلم کا عملی مجسمہ سب کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اور اس عملی مجسمے کی پیروی اور اتباع کو خدا کی محبت کے اہل اور اس کے پیار کا مستحق بننے کا ذریعہ بنایا ہے۔

(ii) رات کو جب خاصے پر بیٹھا تو دو قاب کھانے کے اور پانچ اشرفیاں ابوالخیر کو دیں کہ جا کر بڑھیا کو دو اور میری طرف سے معذرت کرو کہ افسوس! ہمارے آنے کی وجہ سے تم کو تکلیف ہوئی، تم معاف کر دو۔ صبح ہوئی تو پالکی بھیج کر بڑھیا کو بلایا اور حرم میں بھیجا۔

(iii) صرف دو چار اصحاب بیٹھے رہ گئے۔ اندر سے دیر میں برآمد ہوئے۔ چہرے پر اب بھی انقباض طاری تھا۔ تھوڑی دیر تک حقے کا ٹھہر ٹھہر کر کش لیتے رہے اس کے بعد فرمایا، نعمت کے مطابق انسان کو ظرف نصیب نہ ہو تو نعمت، لعنت بن جاتی ہے۔

۴۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

۴۔ (ب) منتخب کردہ نظم کے شاعر کا تعارف تحریر کیجیے۔

☆چاند اور تارے　　　☆بدلی کا چاند　　　☆حضرت فاطمہ زہرؓ رخصتی

-----یا----- ۴۔ (الف) درج ذیل بند کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔

۴۔ (ب) درج ذیل جزو کی تشریح کیجیے:

ذات جن کی جامع القرآن ہے
نام ان کا حضرت عثمان ہے
دیکھ کر تنویر ذوالنورین کی
آئنہ بھی کس قدر حیران ہے

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ مصنف کے تعارف کے ساتھ تحریر کیجیے۔

☆زمین　　　☆سحر ہونے تک　　　☆سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

۶۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) انشائیہ انگار نے البم کو 'یوسف گم گشتہ' کیوں کہا؟

(ii) طرحی مشاعرہ کن شعرا کی یادگار ہے؟

(iii) ولندیزی بچے کی کہانی سے کیا سبق ملتا ہے؟

(iv) اچھے حکم راں کے لیے منصف ہونا کیوں ضروری ہے؟

(v) ادیبوں کی کالونی کس شہر میں تعمیر ہوئی تھی؟

(vi) شہر بانو کے پاس بختاور کس مقصد سے آئی تھی؟

(vii) سرسید احمد خان کے متعلق کون سی روایت مشہور ہے؟

(viii) سبق 'حسرت موہانی' میں کون کون سی مشہور شخصیات کا ذکر کیا گیا ہے؟

حصہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات)　　　کل نشانات: ۴۰

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجیے۔

☆خواجہ میر دردؔ　　　☆میر تقی میرؔ　　　☆مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کی نثری خصوصیات تحریر کیجیے۔

☆علامہ سید سلیمان ندوی　　　☆مولوی عبدالحق　　　☆علامہ شبلی نعمانی

---یا--- درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کیجیے:

☆ماحولیاتی آلودگی، اسباب اور تدارک　　　☆معاشرے پر مہنگائی کے اثرات

www.ilmkidunya.com